Urdu

NYLAG New York Legal Assistance Group

UnLocal Community Immigration Legal Services

MAKE THE ROAD NEW YORK

DIGNIDAD, COMUNIDAD Y PODER

کیا کریں جب کسی عزیز کو ICE کے ذریعہ حراست میں لے لیا جائے

اکثر پوچھے گئے سوالات

میرے عزیز کو ICE نے حراست میں لے لیا تھا۔ میں انہیں کیسے تلاش کروں؟

اگر امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (Immigration and Customs Enforcement, ICE) نیو یارک سٹی میں یا اس کے آس پاس آپ کے کسی عزیز کو گرفتار کر لے تو ان کے حوالے سے کارروائی Manhattan کے ICE آفس میں کی جائے گی اور پھر انہیں جیل میں، زیادہ امکانی طور پر یا تو نیو یارک یا نیو جرسی میں منتقل کر دیا جائے گا۔ کارروائی ایک دن کے اندر ہوتی ہے۔

گرفتار کریں ← Varick Street، Manhattan میں کارروائی ← نیو جرسی یا نیو یارک کے ICE حراستی سہولت میں منتقلی

آپ درج ذیل پتے پر آن لائن ICE لوکیٹر کا استعمال کر کے یہ تصدیق کر سکتے ہیں کہ آپ کے عزیز کو گرفتار کر لیا گیا ہے:

locator.ice.gov

لوکیٹر استعمال کرنے کے لیے، آپ کو اپنے عزیز کا A نمبر درکار ہوتا ہے:

پیدائش کا ملک اور **"A نمبر"***

یا

پیدائش کا ملک، پہلا نام، آخری نام، (نام کا املا صحیح ہونا ضروری ہے) اور تاریخ پیدائش۔ **لوکیٹر کو استعمال کرنا محفوظ ہے۔**

تجویز: کوئی "A نمبر" حرف A کے بعد 8 یا 9 ہندسے کا ایک شناختی نمبر ہوتا ہے اور ترک وطن کی بیشتر درخواستوں میں ملتا ہے اور گرفتار کیے جانے کے وقت آپ کے عزیز کی کلائی پر بھی موجود ہوگا۔

اگر یہ آپ کے پاس نہیں ہے تو جب آپ اپنے عزیز سے ملنے جائیں تب ان سے پوچھیں۔

مثال کے طور پر: **A 200-300-4XX**

کیا میرے عزیز سے ملنا محفوظ ہے؟ میں کس طرح ان سے ملاقات کر اور انہیں پیسے بھیج سکتا ہوں؟

جو لوگ بلا دستاویز ہوتے ہیں وہ اکثر اپنے عزیزوں سے ملتے ہیں اور عام طور پر، ملاقاتیوں کے ترک وطن کی حیثت پر پرچم نہیں لگنا چاہیے*۔ تاہم، شناخت کے مدنظر ہر جیل کے تقاضوں اور اس امر کاجائزہ لینا ضروری ہے کہ آیا پس منظر کی جانچیں مطلوب ہیں۔ معلومات یہاں تلاش کریں: **ice.gov/detention-facilities**، اور معلومات کی تصدیق کرنے کے لیے جیل کو کال کریں۔ آپ کے عزیز کی ملاقات والی فہرست پر آپ کا مندرج ہونا ضروری ہے اور آپ صرف اس ادارے کے طے کردہ مخصوص دنوں اور اوقات میں ہی ملاقات کر سکتے ہیں۔

***نوٹ:** اگر آپ کو یہ فکر لاحق ہے کہ خود آپ کے کیس کا کوئی مسئلہ یا ترک وطن کی حیثیت ملاقات کے لیے جانے سے آپ کو خطرے میں ڈال دے گا تو آپ کو کسی اٹارنی سے رجوع کرنا چاہیے۔*

میرے عزیز کو وکیل کس طرح ملے گا؟

امریکی حکومت ملک بدری کا سامنا کرنے والے تارکین وطن کو وکیل فراہم نہیں کرتی ہے۔ کچھ لوگوں کو **نیو یارک امیگرنٹ فیملی یونیٹی پروجیکٹ (New York Immigrant Family Unity Project, NYIFUP)** کی معرفت ایک اٹارنی بحال کیا جائے گا، یہ ICE کے ذریعے حراست میں لیے گئے نیو یارک کے ان شہریوں کے لیے، جن کا امیگرنٹ کورٹ میں کوئی کیس ہو، مفت، اعلی معیار کے وکیل فراہم کرنے کے لیے NYC سے فنڈ یافتہ ایک پروگرام ہے۔

NYIFUP اہل قرار پانے والے لوگوں کو ایک مفت اٹارنی تفویض کرے گا (یہ کام ماسٹر کیلنڈر کی پہلی سماعت کے فوراً بعد ہو سکتا ہے) اگر انہیں حراست میں لیا گیا ہو اور:

- ملک بدری کا کیس **Varick St. امیگریشن کورٹ (Varick St. Immigration Court)** میں ہو یا وہ فرد **نیو یارک سٹی کا مکین** ہو اور کیس **نیو جرسی کورٹ** میں ہو؛
- حراست میں لیے گئے فرد کے پاس **پہلے سے اٹارنی نہ ہو؛**
- یہ **اس کیس کے لیے امیگریشن کورٹ میں پہلی سماعت** ہو؛ اور
- گھرانے کی آمدنی وفاقی سطح افلاس کے رہنما خطوط کے **200% سے کم** ہو۔

کچھ لوگوں کو NYIFUP کی معرفت وکیل نہیں ملے گا۔ براہ کرم نوٹ کر لیں کہ NYIFUP ان لوگوں کی نمائندگی کرتا ہے جن کے امیگریشن جج کے سامنے زیر التوا ترک وطن کے کیس ہوں اور یہ ان لوگوں کے لیے نمائندگی فراہم نہیں کرتا ہے جن کے پاس اخراج کے پیشگی آرڈر ہوں یا جن کا کوئی کھلا کیس نہیں ہوگا – ذیل میں مزید دیکھیں۔

امیگریشن اٹارنٹی سے فوری طور پر بات کرنا کب ضروری ہوتا ہے؟

- اگر جج نے ازیں قبل انہیں ملک بدر کرنے کا آرڈر کر دیا (عدالت کی تاریخ چھوٹ جانے یا اپنا کیس ہار جانے کی وجہ سے)، یا
- انہوں نے سرحد پر امیگریشن سے رابطہ کیا تھا اور سرحد پر وہ "تیز گام اخراج" کی کارروائی سے گزرے ہوں - جو جج سے ملے بغیر ملک بدری کے لیے ایک فوری، انتظامی فارم ہوتا ہے، یا
- اگر انہیں نیو یارک/نیو جرسی کے علاقے سے باہر منتقل کیا جا رہا ہو؛ یا
- اگر وہ ویزا سے چھوٹ پروگرام کے تحت ملک میں داخل ہوئے ہوں۔

اگر ان میں سے کوئی بھی معاملہ پیش آیا ہو تو انہیں تیز گام ملک بدری کا سامنا ہو سکتا ہے اور ملک بدری کو روکنے کی کوشش کے تحت انہیں فوری طور پر کسی بھروسے مند امیگریشن اٹارنی سے رجوع کرنا چاہیے۔ ترک وطن کی کسی سابق قانونی کارروائی سے متعلق وہ تمام دستاویزات حاصل کرنا ضروری ہے جو آپ کے عزیز کے پاس ہو سکتی ہوں۔ اگر آپ کا عزیز NYIFUP کے لیے اہل قرار نہیں پائے گا تو بھروسے مند امیگریشن اٹارنی تلاش کرنے کے لیے، درج ذیل ہاٹ لائنوں سے رابطہ کریں:

- **NYC کے مکینوں کے لیے:** Action NYC کو 1-800-354-0365 پر کال کریں یا 311 پر کال کریں اور "Action NYC" بولیں
- **NYC سے باہر نیو یارک اسٹیٹ کے مکینوں کے لیے،** آفس آف نیو امریکنز (Office of New Americans) کی ہاٹ لائن سے 1-800-566-7636 پر رابطہ کریں

ہمیں کیسے معلوم ہوگا کہ عدالت کی پہلی تاریخ کب ہوگی؟

آپ **1-800-898-7180** پر کال کر کے اور **A نمبر** درج کر کے پتہ کر سکتے ہیں کہ عدالت کی تاریخ کب اور کہاں ہوگی۔ یہ معلومات اردو میں دستیاب ہیں۔

انگریزی کے لیے 1 دبائیں

A نمبر درج کریں۔ خود کار نظام A نمبر کو دہرائے گا؛ تصدیق کرنے کے لیے 1 دبائیں

خود کار نظام آپ کے عزیز کا نام املا کر کے سنائے گا

تصدیق کرنے کے لیے 1 دبائیں

اگلی عدالتی سماعت کی تاریخ کے لیے 1 دبائیں

***نوٹ:** اگر وہ سسٹم میں نمودار ہوتے ہیں لیکن ان کی کوئی عدالتی تاریخ *نہیں* ہو تو پرانے فیصلے چیک کرنے کے لیے **3 دبائیں**۔ اگر یہ بتاتا ہے کہ عدالت نے "اخراج کا آرڈر کر دیا" تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے عزیز کو نئی سماعت ملے گی۔ - اوپر دیکھیں "اب آپ کو امیگریشن اٹارنی سے کب بات کرنی چاہیے؟"

انہیں کتنی مدت تک حراست میں رکھا جائے گا؟

اس سوال کا جواب دینا مشکل ہے اور مخصوص کیس پر منحصر ہوتا ہے۔ حکومت کا ماننا ہے کہ صرف کچھ ہی افراد امیگریشن جج کے سامنے بونڈ سماعت کے لیے اہل قرار پاتے ہیں۔ اگر آپ کا عزیز ایسا فرد ہے جس کے بارے میں حکومت کا ماننا ہے کہ وہ بونڈ سماعت کے لیے اہل قرار نہیں پاتا ہے تو ان کی حراست کو چیلنج کرنے کے دوسرے طریقے ہو سکتے ہیں۔ اس کے لیے کسی تجربہ کار وکیل کے ساتھ آپ کے کیس کا محتاط جائزہ لینے کی ضرورت ہوگی۔ اگر بونڈ منظور ہو گیا ہے اور آپ اس کے متحمل نہیں ہو سکتے تو آپ **347-427-9353** پر کال کر کے **نیو یارک امیگرنٹ فریڈم فنڈ (New York Immigrant Freedom Fund)** کے ذریعہ پوسٹ کردہ بونڈ رکھنے کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

مجھے اور کیا کرنا چاہیے؟

سب سے پہلے، اگر کوئی براہ راست گواہ موجود تھا تو آپ کے عزیز کو گرفتار کیے جانے کے وقت جو بھی معاملہ پیش آیا تھا ان سبھی کو جتنی زیادہ سے زیادہ تفصیلات یاد ہوں ان تفصیلات کے ساتھ، تحریر کر لیں۔ دوسری بات، چھاپے کی رپورٹ کریں! **امیگرنٹ ڈیفنس پروجیکٹ (Immigrant Defense Project) سے 212-725-6422** پر رابطہ کریں۔

نیو یارک سٹی کے میئر کے دفتر برائے امور تارکین وطن کے تعاون کا شکریہ جس نے ان اکثر پوچھے گئے سوالات کو ممکن بنایا۔